قارئین بنام مدیر

افکار و تاثرات

- مکتوب برطانیہ ——— مولانا ابراہیم یوسف باوا
- پرویزیوں کی زبان درازیاں ——— مولانا امین الحق بلوچستانی
- کاروانِ آخرت ——— ڈاکٹر اسلم فرخی / ابوسلمان شاہجہانپوری
- ماہنامہ پیامی ——— جناب حکیم محمد سعید، ہمدرد کراچی

مکتوب برطانیہ | ماہنامہ الحق میرا اپنا نہایت پسندیدہ ماہناموں میں سے ہے۔ جب میں برما میں تھا نہایت شوق و ذوق سے انتظار کرتا رہا۔ اور مجھے یہ بھی یاد ہے کہ تقریباً ۲۰ سال پہلے جناب ایوب خان کی حکومت کے دوران میرا ایک مضمون "مولانا عبداللہ رنگونی" کے نام سے چھپا تھا۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس کے اثرات بھی دکھائے تھے۔

اس کے بعد آج تقریباً ۱۵ سال سے برطانیہ کے ایمان سوز اور زہر سے زیادہ خطرناک ماحول میں اللہ تعالیٰ نے لا بسا رکھا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے دو ایسے کام لئے جو شائد کسی اور سے نہیں لئے۔ اول یہ کہ بندہ یہاں کے بے دینی بلکہ بد دینی کے ماحول کے اثرات سے اولاد و نسل کو بچانے کی پکار کرتا رہا اور میرے شیخ حضرت مولانا سید محمد اسعد مدنی صاحب دامت برکاتہم نے ہماری دعوت کو جگہ بہ جگہ پہنچایا کہ مسلمانوں کو چاہئے کہ اپنے مستقل اسکول قائم کرکے اپنی اولاد کو دینی مذہبی اخلاقی و دنیوی تعلیم دینے کا انتظام کریں۔

الحمد للہ اس وقت برطانیہ میں دو دار العلوم اور تقریباً ۲۰ مسلمان لڑکیوں کے مستقل الگ اسکول قائم ہو چکے ہیں۔ لیکن جنہوں نے اب تک اس کی فکر نہیں کی۔ ان کی اولاد کا کیا ذکر کروں، بس وہ فرنگیوں کے اسکول میں جاکر جانور سے بدتر بنتے جارہے ہیں اور (۲) اللہ تعالیٰ نے یہ فضل فرمایا کہ ہماری سات اولاد میں سے ایک نے بھی فرنگی اسکول کی شکل تک نہیں دیکھی۔ حالاں کہ ۱۶ سال تک اسکول بھیجنا لازم ہے۔ یہی نہیں بلکہ دو صاحبزادگان حافظ و عالم ہیں۔ اور پانچوں پانچ بچیاں بھی حافظ قرآن ہیں اور شریعت کی نہایت پابند۔ بقول حضرت مولانا شاہ محمد مسیح اللہ خان صاحب مدظلہ "ان بچیوں کی وجہ سے دنیا قائم ہے۔"

آپ نے یہ الفاظ اس وقت فرمائے جب دو بچیوں نے اپنے حفظ کلام اللہ کا آخری سبق حضرت مدظلہ کو سنایا اور دو میری دو بچیوں نے اپنا آخری سبق حضرت مولانا محمد یوسف صاحب لدھیانوی دامت برکاتہم کو سنایا۔ تو آپ نے فرمایا "آپ کے خاندان پر رشک آتا ہے،، اور آخری بچی کا آخری سبق مدینہ منورہ میں سب کو لے جاکر مولانا سعید احمد خان صاحب مدظلہ کو سنایا گیا تو انہوں نے بھی خصوصی دعا فرمائی۔ اور لوگوں نے تعجب بھی فرمایا کہ برطانیہ جیسی جگہ میں ایسا کام ہو۔ یہ سب کا سب خداوند قدوس کا فضل و کرم ہے کہ جب وہ چاہتے تو ایسے نہایت خطرناک ماحول میں

بھی میرے جیسے عاصی اور سرکش بندے سے کام لے لیتے ہیں۔ خدا کی قسم! اس میں ہمارا کوئی کمال نہیں۔ بس اسی ذات پاک کا کرم و احسان ہے کہ اپنے بندوں میں سے مجھ گناہ گار کو چن کر یہ نعمت بخشی۔ یہ میری سعادت اور خوش نصیبی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر اپنا فضل فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں تاحیات دین و ایمان کی محنت میں لگائے رکھے اور اپنی رضا نصیب فرمائے اور نامرضیات سے بچائے۔ آمین

الحمدللہ ثم الحمدللہ ہر دو صاحبزادگان مظاہر العلوم سہارن پور کے فارغ ہیں اور دونوں ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ دینی کاموں میں مصروف ہیں۔ مولوی محمد اقبال سلمہٗ باطل فرقوں کی سرکوبی میں پیش پیش ہے اور ماہنامہ الہلال بھی شائع کرتا رہتا ہے۔ مولوی محمد بلال سلمہٗ کو چند دنوں کی خدمت کے بعد حضرت اقدس شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کی خلافت نصیب ہوئی۔ اس وقت وہ دارالعلوم میں استاد حدیث اور ایک مسجد کے خطیب ہیں۔ اللہ پاک نیک و بابرکت طویل عمروں کے ساتھ ان سے بھی دینی خدمات اخلاص کے ساتھ لے لے۔ آمین

ماہنامہ الحق کے اکثر مضامین سے بندہ مستفید ہوتا رہا۔ خصوصاً آپ کے والد ماجد نور اللہ مرقدہ کے ملفوظات "صحبتے با اہل حق" سے تو طبیعت میں ایک نور اور نشاط پیدا ہو جاتا تھا۔ ہائے قسمت کہ اب ان ملفوظات سے محرومی ہو گئی۔ اللہ پاک آپ کے والدین کو غریق رحمت فرمائے جنت الفردوس میں بلند تر مقام عطا فرمائے اور آپ حضرات کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اور تاحیات دینی کاموں میں لگا کر والدین مرحومین کے لئے صدقہ جاریہ بنائے آمین

ایک گذارش ۔ حضرت اقدس شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات جو قسط وار "صحبتے با اہل حق" کے عنوان سے چھپ رہے تھے گذارش ہے کہ "صحبتے با اہل دل" کی طرح کتابی صورت میں چھپ جائے تو انشاء اللہ العزیز امت کو بہت فائدہ ہوگا۔

شروع میں حضرت والا کی مختصر سوانح بھی شامل ہو جائے تو کافی نفع کی امید ہے اور یہ کہ کسی اعلیٰ خوشنویس ________ سے لکھوا کر اعلیٰ معیار میں آرٹ پیپر پر چھپوائیں تاکہ ظاہری حسن کا بھی اضافہ ہو جائے چھپ جانے کے بعد ایک نسخہ بندہ کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز یک پوسٹ سے ارسال فرمائیں۔ تاکہ حسب ضرورت مزید منگوا سکوں۔

اس مبارک کام میں بندہ کا بھی کچھ حصہ ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہزار روپے بطور ہدیہ دینا چاہتا ہوں تاکہ کام جلد شروع ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ آپ حضرات کو قبول ہو اور بندہ کے لئے نجات کا ذریعہ بن جائے۔

فقط والسلام　　دعاؤں کا خاص طلب گار

ابراہیم یوسف باوا رنگونی - مدیر ماہنامہ الاسلام برطانیہ